تمہارے (اعمال کا) بدلہ	قیامت کے دن	پس جو	بچالیا گیا	آگ سے

وَاُدْخِلَ	الْجَنَّةَ ❶	فَقَدْ	فَازَ ط	وَمَا ❷	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ ❶
اور وہ داخل کردیا گیا	جنت میں	تو یقیناً	وہ کامیاب ہوگیا	اور نہیں ہے	دنیوی زندگی

اِلَّا	مَتَاعُ الْغُرُوْرِ (185)	لَتُبْلَوُنَّ ❸	فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ
مگر	دھوکے کا سامان	البتہ ضرور تم سب آزمائے جاؤ گے	اپنے مالوں میں

وَاَنْفُسِكُمْ قف	وَلَتَسْمَعُنَّ ❸	مِنَ الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ
اور اپنی جانوں (میں)	اور البتہ ضرور تم سنو گے	اُن لوگوں سے جو	سب دیے گئے کتاب

مِنْ قَبْلِكُمْ	وَمِنَ الَّذِيْنَ	اَشْرَكُوْٓا	اَذًى
تم سے پہلے	اور اُن لوگوں سے جن	سب نے شرک کیا	تکلیف دہ (باتیں)

كَثِيْرًا ط	وَاِنْ	تَصْبِرُوْا	وَتَتَّقُوْا	فَاِنَّ ذٰلِكَ ❹
بہت سی	اور اگر	تم سب صبر کرو گے	اور تم سب ڈرتے رہو گے	تو بیشک یہ

مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ (186)	وَاِذْ	اَخَذَ اللّٰهُ ❺	مِيْثَاقَ
(بڑی) ہمت کے کاموں میں سے ہے	اور جب	لیا اللہ نے	پختہ عہد

ضروری وضاحت

❶ ” ة “ اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔❷ ”مَا“ کے بعد اگر اسی جملے میں لفظ ”اِلَّا“ آرہا ہو تو اس ”مَا“ کا ترجمہ ”نہیں“ کیا جاتا ہے۔❸ فعل کے شروع میں ”لَ“ اور آخر میں ”نّ“ فعل میں تاکید کا مفہوم شامل کرتے ہیں۔❹ ”ذٰلِكَ“ کا اصل ترجمہ ”وہ“ ہے، قرآن مجید میں عموماً بات میں زور پیدا کرنے کے لیے ”ذٰلِكَ، تِلْكَ، اُولٰٓئِكَ“ کا استعمال ہوتا ہے۔❺ ”اَخَذَ“ کا لفظی ترجمہ ”پکڑا“ ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اَلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ	اُن لوگوں سے جو کتاب دیے گئے
لَتُبَيِّنُنَّهٗ	(کہ) البتہ ضرور تم بیان کرتے رہو گے اس (کتاب) کو
لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ ۫	لوگوں کے سامنے اور نہیں چھپاؤ گے اُسے
فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ	پھر اُنہوں نے ڈال دیا اُسے اپنی پُشتوں کے پیچھے
وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ	اور بیچ ڈالا اُس کو تھوڑی قیمت میں
فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُوْنَ ﴿187﴾	پس بُرا ہے جو وہ کاروبار کر رہے ہیں۔ ﴿187﴾
لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ	تم ہرگز خیال نہ کرنا (کہ) جو لوگ خوش ہو رہے ہیں
بِمَآ اَتَوْا	اُس پر جو وہ (ناپسندیدہ کام) کر رہے ہیں
وَّيُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا	اور وہ چاہتے ہیں کہ اُن کی تعریف کی جائے
بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا	اُن (کاموں) پر جو اُنہوں نے نہیں کیے
فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ ۚ	تو ہرگز خیال نہ کرنا اُنکے بارے میں عذاب سے بچنے کا
وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿188﴾	اور اُن کے لیے تو دردناک عذاب ہے۔ ﴿188﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَتُبَيِّنُنَّهٗ : بیان، مبیّنہ طور پر، دلیل بیّن۔
لِلنَّاسِ (لِ+اَلنَّاسِ) : لٰہذا، الحمدللہ، عوام النّاس۔
تَكْتُمُوْنَهٗ : کتمانِ علم، کتمانِ حق۔
وَرَآءَ : ماورائے عدالت، ماوراءالنہر۔
اِشْتَرَوْا، يَشْتَرُوْنَ : مشتری، اشترا، بیع وشرا۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
ثَمَنًا : زرِثمن (قیمت)۔
يَفْرَحُوْنَ : فرحت، مفرّح قلب۔
يُحِبُّوْنَ : حب، محبّ، حبیب، محبوب، محبت۔
يُّحْمَدُوْا : حمدوثنا، حمد باری تعالیٰ، محمود۔
يَفْعَلُوْا : فعل، فاعل، مفعول۔
مِنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
اَلِيْمٌ : المناک حادثہ، عذابِ الیم۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْكِتٰبَ	لَتُبَيِّنُنَّهٗ ❶
اُن لوگوں سے جو	سب دیے گئے	کتاب	(کہ) ضرور تم بیان کرتے رہو گے اِسے

لِلنَّاسِ	وَلَا	تَكْتُمُوْنَهٗ ز	فَنَبَذُوْهُ
لوگوں کو	اور نہیں	تم سب چھپاؤ گے اُسے	پھر اُن سب نے ڈال دیا اُسے

وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ	وَاشْتَرَوْا ❷	بِهٖ	ثَمَنًا قَلِيْلًا ط	فَبِئْسَ
اپنی پُشتوں کے پیچھے	اور اُن سب نے بیچ ڈالا	اُس کو	تھوڑی قیمت میں	پس بُرا ہے

مَا	يَشْتَرُوْنَ ❷ (187)	لَا تَحْسَبَنَّ ❸	الَّذِيْنَ	يَفْرَحُوْنَ
جو	وہ سب کاروبار کر رہے ہیں	تم ہرگز خیال نہ کرنا	(کہ) جو لوگ	وہ سب خوش ہو رہے ہیں

بِمَآ	اَتَوْا	وَّ	يُحِبُّوْنَ	اَنْ	يُّحْمَدُوْا
(اُس) پر جو	وہ سب کر رہے ہیں	اور	وہ سب چاہتے ہیں	کہ	وہ سب تعریف کیے جائیں

بِمَا	لَمْ يَفْعَلُوْا	فَلَا	تَحْسَبَنَّهُمْ ❸	بِمَفَازَةٍ ❹
اُن (کاموں) پر جو	اُن سب نے نہیں کیے	تو نہ	ہرگز تم خیال کرنا اُنکے	بچنے کا

مِّنَ الْعَذَابِ ج	وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ (188)
عذاب سے	اور	اُن کے لیے	عذاب ہے	دردناک

ضروری وضاحت

❶ "لَتُبَيِّنُنَّهٗ" فعل کے شروع میں "لَ" اور آخر میں "نّ" دونوں میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ "اِشْتَرَوْا" اس فعل کا ترجمہ "خریدنا اور بیچنا" دونوں طرح کیا جا سکتا ہے، دراصل اس کا ترجمہ "ایک چیز کے بدلے دوسری چیز لینا" ہوتا ہے۔ چونکہ خریدنے اور بیچنے دونوں میں یہی عمل ہوتا ہے، اس لیے ترجمہ ضرورت کے مطابق دونوں طرح کیا جا سکتا ہے۔ ❸ "نّ" میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ "ة" واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	اور اللہ ہی کیلئے ہے بادشاہت آسمانوں اور زمین کی
وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿189﴾ ع	اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ ﴿189﴾ ع
اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	بیشک آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں
وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ	اور رات اور دن کے آنے جانے میں
لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿190﴾ ۙ	یقیناً نشانیاں ہیں عقل والوں کے لیے۔ ﴿190﴾
الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا	وہ لوگ جو ذکر کرتے ہیں اللہ کا کھڑے ہوکر
وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ	اور بیٹھ کر اور اپنے پہلوؤں کے بل
وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ	اور غور و فکر کرتے ہیں آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں
رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ	(اور کہتے ہیں) اے ہمارے رب! نہیں پیدا کیا تو نے
هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ	یہ (سب کچھ) بیکار، تو پاک ہے (ہر عیب سے)
فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿191﴾	پس بچا ہمیں آگ کے عذاب سے۔ ﴿191﴾
رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ	اے ہمارے رب! بیشک تو جسے داخل کردے آگ میں

19 ع 9 10

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مُلْكُ : ملک، ملکیت۔	قِيٰمًا : قیام، قائم مقام، مقیم۔
السَّمٰوٰتِ، الْاَرْضِ : ارض و سما، کتب سماویہ۔	قُعُوْدًا : قعدہ، مقعد۔
قَدِيْرٌ : قادر، مقدور، قدرت۔	جُنُوْبِهِمْ : جانب، جانب داری، منجانب۔
خَلْقِ، خَلَقْتَ : خالق، مخلوق، خلقت، تخلیق۔	يَتَفَكَّرُوْنَ : غور و فکر، تفکر، مفکر۔
الَّيْلِ : لیل و نہار، لیلۃ القدر۔	هٰذَا : لہٰذا، ہٰذا من فضل ربی، حامل رقعہ ہٰذا۔
النَّهَارِ : لیل و نہار، نہار منہ۔	سُبْحٰنَكَ : سبحان تیری قدرت، سبحان اللہ۔
يَذْكُرُوْنَ : ذکر، ذاکر، مذکورہ، تذکرہ۔	تُدْخِلِ : داخل، دخول، وزیر داخلہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

19 ع 9 10

وَلِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ❶ وَالْاَرْضِ ؕ	وَاللّٰهُ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
اور اللہ ہی کے لیے ہے	بادشاہت	آسمانوں اور زمین کی	اور اللہ	ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ع (189)	اِنَّ	فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ❶	وَالْاَرْضِ
قادر ہے	بیشک	آسمانوں کے پیدا کرنے میں	اور زمین کے

وَاخْتِلَافِ	الَّيْلِ وَالنَّهَارِ	لَاٰيٰتٍ❶❷	لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ج (190)
اور آنے جانے میں	رات اور دن کے	یقیناً نشانیاں ہیں	عقل والوں کے لیے

الَّذِيْنَ	يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ❸	قِيٰمًا	وَّقُعُوْدًا	وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ❹
وہ لوگ جو	سب ذکر کرتے ہیں اللہ کا	کھڑے ہوکر	اور بیٹھ کر	اور اپنے پہلوؤں پر

وَيَتَفَكَّرُوْنَ	فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ❶	وَالْاَرْضِ ج	رَبَّنَا❺
اور وہ سب غوروفکر کرتے ہیں	آسمانوں کی تخلیق میں	اور زمین کی	(اور کہتے ہیں) اے ہمارے رب!

مَا خَلَقْتَ	هٰذَا بَاطِلًا ج	سُبْحٰنَكَ❻	فَقِنَا
تو نے نہیں پیدا کیا	یہ (سب کچھ) بیکار	تو پاک ہے	پس تو بچا ہمیں

عَذَابَ النَّارِ (191)	رَبَّنَآ	اِنَّكَ	مَنْ تُدْخِلِ	النَّارَ
آگ کے عذاب سے	اے ہمارے رب!	بیشک تو	جسے تو داخل کردے	آگ میں

ضروری وضاحت

❶ "ات" اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ "لَ" میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔ اس لیے ترجمہ "یقیناً" کیا گیا ہے۔ ❸ یہاں "يَذْكُرُوْنَ" میں علامت "ي" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ یہاں مراد ہے "اپنے پہلوؤں کے بل"۔ ❺ یہاں شروع میں "یا" محذوف ہے، جیسے ہمارے ہاں بھی "اے خالد" کی بجائے صرف "خالد" کہہ کر پکارا جاتا ہے۔ ❻ "سُبْحٰنَكَ" کا اصل ترجمہ "تیری پاکی" ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ: دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ: اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ	تو یقیناً تو نے رُسوا کر دیا اُسے
وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿192﴾	اور نہیں ہے ظالموں کا کوئی مددگار۔ ﴿192﴾
رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا	اے ہمارے رب! بیشک ہم نے سنا
مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ	ایک پکارنے والے کو (جو) ایمان کی منادی کر رہا تھا
اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ	کہ ایمان لاؤ اپنے رب پر تو ہم ایمان لے آئے
رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا	اے ہمارے رب! پس معاف کر ہمیں ہمارے گناہ
وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا	اور دور کر دے ہم سے ہماری برائیاں
وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۚ ﴿193﴾	اور ہمیں موت دے نیک لوگوں کے ساتھ۔ ﴿193﴾
رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا	اے ہمارے رب! اور دے ہمیں وہ جس کا
وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ	تو نے وعدہ کیا ہم سے اپنے رسولوں (کی زبان) پر
وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ	اور ہمیں رُسوا نہ کرنا قیامت کے دن
اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۚ ﴿194﴾	بیشک تو وعدے کے خلاف نہیں کرتا۔ ﴿194﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِلظّٰلِمِيْنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	تَوَفَّنَا	وفا، ایفائے عہد۔
اَنْصَارٍ	نصرت، ناصر، انصاری۔	مَعَ	مع اہل وعیال، معیت۔
سَمِعْنَا	سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔	الْاَبْرَارِ	بر، ابرار (نیک، نیکی)۔
مُنَادِيًا	منادی، ندا، ندائے جہاد۔	وَعَدْتَّنَا	وعدہ، وعید۔
فَاغْفِرْ	استغفار، مغفرت۔	الْقِيٰمَةِ	قائم، قیام، مقیم، قیامت۔
كَفِّرْ	کفارہ، کفارۂ مجلس۔	تُخْلِفُ	اختلاف، مختلف، خلاف، مخالف۔
سَيِّاٰتِنَا	علمائے سوء، اعمال سیئہ۔	الْمِيْعَادَ	وعدہ، وعید، میعاد۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

فَقَدْ	اَخْزَيْتَهٗ ط	وَمَا	لِلظّٰلِمِيْنَ ❶	مِنْ اَنْصَارٍ ❷ (192)
تو یقیناً	تونے اُسے رُسوا کردیا	اور نہیں ہے	ظالموں کا	کوئی مددگار

رَبَّنَآ ❸	اِنَّنَا سَمِعْنَا ❹	مُنَادِيًا	يُّنَادِيْ ❺	لِلْاِيْمَانِ ❶
اے ہمارے رب!	بیشک ہم نے سنا	ایک پکارنے والے کو	(جو) منادی کررہا تھا	ایمان کی

اَنْ اٰمِنُوْا	بِرَبِّكُمْ	فَاٰمَنَّا صلے	رَبَّنَا ❸
کہ تم سب ایمان لاؤ	اپنے رب پر	تو ہم ایمان لے آئے	اے ہمارے رب!

فَاغْفِرْ لَنَا	ذُنُوْبَنَا	وَكَفِّرْ	عَنَّا	سَيِّاٰتِنَا ❻
پس بخش دے ہمارے لیے	ہمارے گناہ	اور دور کردے	ہم سے	ہماری برائیاں

وَتَوَفَّنَا ❼	مَعَ الْاَبْرَارِ ج (193)	رَبَّنَا ❸	وَاٰتِنَا
اور ہمیں موت دے	نیک لوگوں کے ساتھ	اے ہمارے رب!	اور دے ہمیں

مَا	وَعَدْتَّنَا	عَلٰى رُسُلِكَ	وَلَا تُخْزِنَا
جس کا	تونے وعدہ کیا ہم سے	اپنے رسولوں (کی زبان) پر	اور تو ہمیں رُسوا نہ کرنا

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط ❻	اِنَّكَ	لَا تُخْلِفُ	الْمِيْعَادَ (194)
قیامت کے دن	بیشک تو	خلاف نہیں کرتا	وعدے کے

ضروری وضاحت

❶ اسم کے ساتھ "لِ" کا ترجمہ کبھی "کا، کی، کو" بھی ہوتا ہے۔ ❷ یہاں "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ "رَبَّنَا" سے پہلے "یَا" محذوف ہے جس کا ترجمہ "اے" کیا گیا ہے۔ ❹ "اِنَّنَا" میں "نَا" اور "سَمِعْنَا" میں "نَا" دونوں کو ملا کر ترجمہ "ہم نے" ہے۔ ❺ "يِ" کے ترجمے کی یہاں ضرورت نہیں ہے۔ ❻ "ة" اور "ات" اسم کے ساتھ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❼ تَوَفَّنَا کی "تَ" اور شد میں "کسی کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم" ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ	پھر قبول کر لی اُن کی (دعا) اُن کے رب نے
اَنِّيْ لَآ اُضِيْعُ	(فرمایا) کہ بیشک میں ضائع نہیں کروں گا
عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ	کسی عمل کرنیوالے کا عمل تم میں سے مرد ہو یا عورت
بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۚ	تم ایک دوسرے سے ہو (یعنی سب برابر ہیں)
فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا	پس جنہوں نے ہجرت کی اور نکالے گئے
مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ	اپنے گھروں سے اور ستائے گئے میری راہ میں
وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا	اور انہوں نے جنگ کی (اللہ کی راہ میں) اور مارے گئے
لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ	البتہ ضرور میں مٹادوں گا اُن سے اُن کے گناہ
وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ	اور البتہ ضرور میں داخل کروں گا انہیں (ایسی) جنتوں میں
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ	(کہ) بہتی ہیں اُن (باغات) کے نیچے سے نہریں
ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ	بدلہ ہے اللہ کی طرف سے
وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ ﴿195﴾	اور اللہ (وہ ہے کہ) اُس کے پاس بہترین بدلہ ہے۔

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاسْتَجَابَ : استجابت، مستجاب الدعوات (قبول)۔
اُضِيْعُ : ضیاع، ضائع۔
ذَكَرٍ، اُنْثٰى : مذکر و مؤنث، تذکیر و تانیث۔
هَاجَرُوْا : ہجرت، مہاجر۔
اُخْرِجُوْا : خارج، خروج، اخراج۔
دِيَارِهِمْ : دار، دیارِ غیر، دارالخلافہ۔
اُوْذُوْا : ایذا، موذی۔
سَبِيْلِيْ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
لَاُكَفِّرَنَّ : کفارۂ مجلس۔
سَيِّاٰتِهِمْ : علمائے سوء، اعمال سیّئہ۔
لَاُدْخِلَنَّهُمْ : داخل، دخول، وزیرِ داخلہ۔
تَجْرِيْ : جاری، اجرا، تاریخ اجرا۔
تَحْتِهَا : ماتحت، تحت الثریٰ، تحت الشعور۔
عِنْدَهٗ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

فَاسْتَجَابَ	لَهُمْ	رَبُّهُمْ	اَنِّىْ لَآ اُضِيْعُ ❶
پھر قبول کرلی	اُن کی (دعا)	اُنکے رب نے	(فرمایا) کہ بیشک میں ضائع نہیں کروں گا

عَمَلَ	عَامِلٍ ❷	مِّنْكُمْ	مِّنْ ذَكَرٍ ❸	اَوْ اُنْثٰى ج
عمل	کسی عمل کرنیوالے کا	تم میں سے	مرد (ہو)	یا عورت

بَعْضُكُمْ	مِّنْۢ بَعْضٍ ج	فَالَّذِيْنَ	هَاجَرُوْا
تم میں سے بعض	بعض سے ہیں (یعنی سب برابر ہیں)	پس جن	سب نے ہجرت کی

وَاُخْرِجُوْا	مِنْ دِيَارِهِمْ	وَاُوْذُوْا	فِيْ سَبِيْلِيْ
اور وہ سب نکالے گئے	اپنے گھروں سے	اور وہ سب ستائے گئے	میری راہ میں

وَقٰتَلُوْا	وَقُتِلُوْا ❹	لَاُكَفِّرَنَّ ❺	عَنْهُمْ	سَيِّاٰتِهِمْ
اور ان سب نے جنگ کی	اور وہ سب مارے گئے	میں ضرور مٹادوں گا	اُن سے	اُن کے گناہ

وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ ❺	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ ❻	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
اور ضرور میں داخل کروں گا اُنہیں	(ایسی) جنتوں میں	(کہ) بہتی ہیں	اُنکے نیچے سے	نہریں

ثَوَابًا	مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ط	وَاللّٰهُ	عِنْدَهٗ	حُسْنُ الثَّوَابِ ﴿195﴾
بدلہ ہے	اللہ کی طرف سے	اور اللہ	اُسکے پاس	بہترین بدلہ ہے۔

ضروری وضاحت

❶ یہاں "یْ" اور علامت "اُ" دونوں کا ترجمہ "میں" ہے۔ ❷ "عَامِلٌ" اس سانچے میں ڈھلا ہوا اسم "کام کرنے والے کو ظاہر کرتا ہے۔ مثلاً: قَاتِلٌ: قتل کرنے والا، ظَالِمٌ: ظلم کرنے والا۔ ❸ یہاں "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل کے ترجمے میں "کیا گیا" کا مفہوم ہوتا ہے، مثلاً: ظَلَمَ: اس نے ظلم کیا، ظُلِمَ: وہ ظلم کیا گیا۔ ❺ "لَ" اور "نّ" دونوں میں تاکید کا مفہوم ہے۔ ❻ "تَجْرِيْ" میں "تَ" مؤنث کے لیے ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ	ہرگز دھوکے میں نہ ڈالے آپ کو (اِدھر اُدھر) پھرنا
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ﴿196﴾	اُن لوگوں کا جنہوں نے کفر کیا، ملکوں میں ﴿196﴾
مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ	(یہ) فائدہ ہے تھوڑا سا پھر اُن کا ٹھکانا جہنم ہے
وَ بِئْسَ الْمِهَادُ ﴿197﴾	اور وہ بہت بُرا ٹھکانا ہے۔ ﴿197﴾
لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ	لیکن وہ لوگ جو ڈرتے ہیں اپنے رب سے
لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ	اُن کے لیے جنتیں ہیں (کہ) بہتی ہیں
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ	اُنکے نیچے سے نہریں
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا	وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں اُن میں
نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ	مہمانی ہے اللہ کی طرف سے
وَ مَا عِنْدَ اللّٰهِ	اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے
خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ﴿198﴾	وہ سب سے بہتر ہے نیکوں کے لیے۔ ﴿198﴾
وَاِنَّ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	اور بیشک اہل کتاب میں سے (بعض وہ بھی ہے)

الثلثة

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا يَغُرَّنَّكَ: لاعلم، لاتعداد / غرور، مغرور۔	اِتَّقَوْا : تقویٰ، متقی۔
تَقَلُّبُ : انقلاب۔	تَجْرِيْ : جاری، اجرا۔
فِي : فی الحال، فی الفور، اظہار مافی الضمیر ۔	تَحْتِهَا : ماتحت، تحت الثریٰ، تحت الشعور۔
الْبِلَادِ : طول بلد، بلادِ عرب، عروس البلاد۔	خٰلِدِيْنَ : خالد، خُلدِ بریں۔
مَتَاعٌ : متاعِ کارواں، مال ومتاع۔	عِنْدِ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔
مَاْوٰىهُمْ : ملجاوماویٰ (ٹھکانا)۔	لِّلْاَبْرَارِ : بِرّ، ابرار (نیکی)۔
لٰكِنِ : لیکن۔	اَهْلِ : اہل وعیال، اہل محلّہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

لَا يَغُرَّنَّكَ ❶❷	تَقَلُّبُ ❸	الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا
ہرگز دھوکے میں نہ ڈالے آپ کو	(اِدھر اُدھر) پھرنا	اُن لوگوں کا جن	سب نے کفر کیا

فِي الۡبِلَادِ ﴿196﴾	مَتَاعٌ	قَلِيۡلٌ قف	ثُمَّ	مَاۡوٰىهُمۡ
ملکوں میں	(یہ) فائدہ ہے	تھوڑا سا	پھر	ان کا ٹھکانہ

جَهَنَّمُ ط	وَبِئۡسَ	الۡمِهَادُ ج ﴿197﴾	لٰكِنِ	الَّذِيۡنَ
جہنم ہے	اور وہ بہت بُرا	ٹھکانہ ہے	لیکن	جو (لوگ)

اتَّقَوۡا	رَبَّهُمۡ	لَهُمۡ	جَنّٰتٌ ❹	تَجۡرِيۡ ❺
سب ڈرتے رہے	اپنے رب سے	انکے لیے	جنتیں ہیں	(کہ) بہتی ہیں

مِنۡ تَحۡتِهَا	الۡاَنۡهٰرُ	خٰلِدِيۡنَ	فِيۡهَا
ان کے نیچے سے	نہریں	وہ سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	ان میں

نُزُلًا	مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ ط	وَمَا	عِنۡدَ اللّٰهِ
مہمانی ہے	اللہ کی طرف سے	اور جو کچھ	اللہ کے پاس ہے

خَيۡرٌ	لِّلۡاَبۡرَارِ ﴿198﴾	وَاِنَّ	مِنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ
وہ بہتر ہے	نیکوکاروں کے لیے	اور بیشک	اہل کتاب میں سے

ضروری وضاحت

❶ ”لَا يَغُرَّنَّكَ“ کے ”نّ“ میں تاکید کا مفہوم ہے۔❷ یہاں علامت ”یَ“ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔❸ یہاں علامت ”تَ“ اور ”شد“ میں ”کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم“ ہے ❹ ”ات“ جمع مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے
❺ علامت ”تَ“ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

لَمَنۡ يُّؤۡمِنُ بِاللّٰهِ	البتہ جو ایمان لاتا ہے اللہ پر
وَمَآ اُنۡزِلَ اِلَيۡكُمۡ	اور جو نازل کیا گیا تمہاری طرف (قرآن مجید)
وَمَآ اُنۡزِلَ اِلَيۡهِمۡ	اور جو نازل کیا گیا اُن کی طرف (تورات،انجیل)
خٰشِعِيۡنَ لِلّٰهِ ۙ	عاجزی کرنے والے ہیں اللہ کے لیے
لَا يَشۡتَرُوۡنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيۡلًا ؕ	وہ نہیں سودا کرتے اللہ کی آیات کا تھوڑی قیمت میں
اُولٰٓئِكَ لَهُمۡ اَجۡرُهُمۡ	وہی لوگ ہیں (کہ) اُن کے لیے اُن کا اجر ہے
عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ؕ	اُنکے رب کے پاس
اِنَّ اللّٰهَ سَرِيۡعُ الۡحِسَابِ ﴿199﴾ ج	بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔﴿199﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اصۡبِرُوۡا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! صبر کرو (ثابت قدم رہو)
وَصَابِرُوۡا	اور ایک دوسرے کو تھامے رکھو
وَرَابِطُوۡا ۟ قف	اور (جہاد کے لیے) کمر بستہ رہو
وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ﴿200﴾ ع	اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔﴿200﴾ ع

ع 20 11 11

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُّؤۡمِنُ : ایمان،مومن،امن۔	قَلِيۡلًا : قلت،اِلّا قلیل،متاعِ قلیل۔
اُنۡزِلَ : نازل،شانِ نزول،منزّل،تنزیل۔	اَجۡرُهُمۡ : اجر،اُجرت۔
اِلَيۡكُمۡ : مکتوب الیہ،مرسل الیہ،الداعی الی الخیر۔	عِنۡدَ : عندالطلب،عنداللہ ماجور ہوں۔
خٰشِعِيۡنَ : خشوع وخضوع (عاجزی کرنا)۔	سَرِيۡعُ : سُرعت،سریع الحرکت۔
يَشۡتَرُوۡنَ : مشتری ہوشیار باش،بیع وشرا۔	اٰمَنُوا : ایمان،مومن،امن۔
بِاٰيٰتِ : آیت،آیات۔	اصۡبِرُوۡا، صَابِرُوۡا : صبر،صابر۔
ثَمَنًا : زرِثمن (قیمت)۔	تُفۡلِحُوۡنَ : فلاح،فلاحی ادارے،فلاح وبہبود۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

لَمَنْ ❶	يُّؤْمِنُ ❷	بِاللّٰهِ	وَمَآ اُنْزِلَ	اِلَيْكُمْ
(بعض وہ بھی ہے) البتہ جو	ایمان لاتا ہے	اللہ پر	اور جو نازل کیا گیا	تمہاری طرف (قرآن مجید)

وَمَآ	اُنْزِلَ	اِلَيْهِمْ	خٰشِعِيْنَ	لِلّٰهِ ۙ
اور جو	نازل کیا گیا	ان کی طرف (تورات، انجیل)	سب عاجزی کرنے والے ہیں	اللہ کے لیے

لَا يَشْتَرُوْنَ ❸	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ❹	ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ
وہ سب نہیں سودا کرتے	اللہ کی آیات کا	تھوڑی قیمت میں

اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	اَجْرُهُمْ	عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ
وہی لوگ ہیں (کہ)	ان کے لیے	ان کا اجر ہے	ان کے رب کے پاس

اِنَّ	اللّٰهَ	سَرِيْعُ	الْحِسَابِ (199)	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ❺
بیشک	اللہ تعالیٰ	جلد	حساب لینے والا ہے	اے وہ لوگو جو

اٰمَنُوا	اصْبِرُوْا	وَصَابِرُوْا
سب ایمان لائے ہو!	سب صبر کرو (ثابت قدم رہو)	اور تم سب ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کرتے رہو

وَرَابِطُوْا ❻ قف	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ❼ ع (200)
اور (جہاد کے لیے) سب کمر بستہ رہو	اور تم سب ڈرتے رہو	اللہ سے	تا کہ تم سب کامیاب ہو جاؤ

ع 20 11 11

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت "لَ" میں تاکید کا مفہوم ہے۔ ❷ یہاں علامت "یُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ اس فعل کا اصل ترجمہ "ایک چیز دے کر اس کے بدلے میں دوسری چیز لینا" ہے کیونکہ خریدنے اور بیچنے میں یہی عمل ہوتا ہے، اس لیے اس کا ترجمہ "خریدنا" یا "بیچنا" دونوں طرح کیا جا سکتا ہے۔ ❹ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❺ "یَا" اور "اَیُّھَا" دونوں کا ترجمہ "اے" ہے۔ ❻ اس کا معنی جہاد کے لیے گھوڑے باندھ کر تیار رکھنا ہے۔ ❼ "کُمْ" اور "تُمْ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

یٰۤاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوۡا رَبَّکُمُ الَّذِیۡ	اے لوگو! ڈرو اپنے رب سے جس نے
خَلَقَکُمۡ مِّنۡ نَّفۡسٍ وَّاحِدَۃٍ	تمھیں پیدا کیا ہے ایک جان (آدمؑ) سے
وَّخَلَقَ مِنۡھَا زَوۡجَھَا	اور اُس نے پیدا کیا اُس (جان) سے اُس کا جوڑا
وَبَثَّ مِنۡھُمَا رِجَالًا کَثِیۡرًا وَّنِسَآءً ۚ	اور پھیلا دیے اُن دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں
وَاتَّقُوا اللّٰہَ الَّذِیۡ	اور ڈرتے رہو اللہ سے جو (کہ)
تَسَآءَلُوۡنَ بِہٖ	تم ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو اُسکا واسطہ دے کر
وَالۡاَرۡحَامَ ؕ	اور رشتوں (کو توڑنے) سے (بھی ڈرو)
اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیۡکُمۡ رَقِیۡبًا ﴿1﴾	بیشک اللہ تم پر نگرانی کر رہا ہے۔ ﴿1﴾
وَاٰتُوا الۡیَتٰمٰۤی اَمۡوَالَھُمۡ	اور دو یتیموں کو اُنکے مال
وَلَا تَتَبَدَّلُوا الۡخَبِیۡثَ بِالطَّیِّبِ ۪	اور مت بدلو بُرے کو اچھے سے (ناقص مال کو عمدہ مال سے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلنَّاسُ : عوام الناس، بعض الناس۔	تَسَآءَلُوۡنَ : سوال، سائل، مسئول، سوالات۔
اتَّقُوۡا : تقویٰ، متقی۔	الۡاَرۡحَامَ : رحم، صلہ رحمی (تعلقات جوڑنا)۔
خَلَقَکُمۡ، خَلَقَ : خالق، مخلوق، خلقت۔	رَقِیۡبًا : رقیب، رقابت (نگران)۔
نَّفۡسٍ : نفس، نفسا نفسی ۔	اَمۡوَالَھُمۡ : مال، اموال، مالیت۔
زَوۡجَھَا : زوج، زوجہ، متزوج، زوجیّت۔	تَتَبَدَّلُوۡا : تبدیل، تبدیلی، متبادل، تبادلہ۔
رِجَالًا : قحط الرجال، رجال کار۔	الۡخَبِیۡثَ : خبیث، خباثت۔
نِسَآءً : نسوانی، نسوانیت، تربیت نسواں۔	بِالطَّیِّبِ : مال طیّب، طیب وطاہر۔

• کالا رنگ : اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ : بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ : نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اٰیَاتُھَا 176 — 4 سُوۡرَۃُالنِّسَآءِ مَدَنِیَّۃٌ 92 — رُکُوۡعَاتُھَا 24

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

یٰۤاَیُّھَاالنَّاسُ ❶	اتَّقُوۡا ❷	رَبَّکُمُ	الَّذِیۡ	خَلَقَکُمۡ
اے لوگو!	تم سب ڈرو	اپنے رب سے	جس نے	تمھیں پیدا کیا ہے

مِّنۡ نَّفۡسٍ وَّاحِدَۃٍ ❸	وَّخَلَقَ	مِنۡھَا	زَوۡجَھَا	وَبَثَّ
ایک جان (آدمؑ) سے	اور اُس نے پیدا کیا	اُس (جان) سے	اُسکا جوڑا	اوراس نے پھیلا دیے

مِنۡھُمَا	رِجَالًا کَثِیۡرًا	وَّنِسَآءً ۚ	وَاتَّقُوااللّٰہَ ❷
اُن دونوں سے	بہت سے مرد	اور عورتیں	اورتم سب ڈرتے رہواللہ سے

الَّذِیۡ	تَسَآءَلُوۡنَ ❹	بِہٖ	وَالۡاَرۡحَامَ ؕ
جس کا	تم سب ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو	اُسکے ذریعے	اور رشتوں کو (توڑنے سے بھی ڈرو)

اِنَّ اللّٰہَ	کَانَ ❺	عَلَیۡکُمۡ	رَقِیۡبًا ①	وَاٰتُوا ❻	الۡیَتٰمٰۤی
بیشک اللہ	ہے	تم پر	نگرانی کرنے والا	اورتم سب دو	یتیموں کو

اَمۡوَالَھُمۡ	وَلَا	تَتَبَدَّلُوا ❼	الۡخَبِیۡثَ	بِالطَّیِّبِ ۪
اُنکے مال	اور مت	تم سب بدلو	بُرے کو	اچھے سے (ناقص مال کو عمدہ مال)

ضروری وضاحت

❶ "یَا" اور "اَیُّھَا" دونوں کا ترجمہ "اے" ہے۔ ❷ اگر "اِتَّقُوۡا" کی "قُ" پر پیش ہو تو ترجمہ "سب ڈرو" ہوتا ہے اور اگر "زبر" ہو تو ترجمہ "وہ سب ڈرے" ہوتا ہے۔ ❸ علامت "ۃ" کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ "تَسَآءَلُوۡنَ" میں "تَ" اور درمیان "أ" دونوں میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہوتا ہے یہاں شروع میں تخفیف کے لیے "تَ" گری ہوئی ہے اسی کا ترجمہ "تم" ہے ❺ "اٰتُوۡا" کی "تُ" پر پیش ہو تو ترجمہ "تم سب دو" اور اگر "زبر" ہو تو ترجمہ "ان سب نے دیا" ہوگا۔ ❻ "تَ" اور "شد" میں "کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم" ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ؕ	اور مت کھاؤ اُنکے مال اپنے مالوں کے ساتھ (ملاکر)
اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا ۝2	بلاشبہ یہ بڑا گناہ ہے۔ ۝2
وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا	اور اگر تم ڈرو کہ نہ انصاف کرسکو گے
فِي الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا	یتیم (لڑکیوں) کے معاملے میں تو نکاح کرو
مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ	جو تمہیں بھلی لگیں (دوسری) عورتوں میں سے
مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ	دو دو اور تین تین اور چار چار
فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا	پھر اگر تمہیں ڈر ہو کہ نہ عدل کرسکو گے (زیادہ میں)
فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ	تو ایک ہی (کافی ہے) یا جسکے مالک بنے ہیں
اَيْمَانُكُمْ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى	تمہارے ہاتھ (لونڈی) یہ زیادہ قریب ہے
اَلَّا تَعُوْلُوْا ؕ ۝3	(اس بات کے) کہ تم بے انصافی نہ کرسکو۔ ۝3
وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ	اور ادا کرو عورتوں کو اُن کے مہر خوشی سے
فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ	پھر اگر وہ خوشی سے (چھوڑ) دیں تمہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	طَابَ	: طیب وطاہر، مال طیب۔
تَاْكُلُوْٓا	: اکل وشرب، ماکولات۔	النِّسَآءِ	: نسوانیت، تربیت نسواں۔
اِلٰٓى	: مکتوب الیہ، رجوع الی اللہ۔	مَثْنٰى	: لاثانی، تیرا کوئی ثانی نہیں۔
كَبِيْرًا	: کبیر، اکبر، مکبر، تکبیر، تکبر۔	ثُلٰثَ	: ثالث، مثلث، تثلیث۔
خِفْتُمْ	: خوف، خائف۔	رُبٰعَ	: ائمہ اربعہ، حدود اربعہ۔
تُقْسِطُوْا	: قسط، اقساط۔	تَعْدِلُوْا	: عدل وانصاف، عادل، عدلیہ۔
فَانْكِحُوْا	: نکاح خواں، نکاح رجسٹرار، منکوحہ۔	مَلَكَتْ	: مالک، ملکیت۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ	لَا تَاْكُلُوْٓا ❶	اَمْوَالَهُمْ	اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ؕ ❷
اور	تم سب مت کھاؤ	اُنکے مال	اپنے مالوں کے ساتھ (ملاکر)

اِنَّهٗ	كَانَ	حُوْبًا	كَبِيْرًا (2)	وَاِنْ	خِفْتُمْ	اَلَّا ❸
بلاشبہ یہ	ہے	گناہ	بڑا	اور اگر	تم سب ڈرو	کہ نہ

تُقْسِطُوْا	فِي الْيَتٰمٰى	فَانْكِحُوْا	مَا طَابَ
تم سب انصاف کرسکو گے	یتیم (لڑکیوں کے معاملے) میں	تو تم سب نکاح کرو	جو بھلی لگیں

لَكُمْ ❹	مِّنَ النِّسَآءِ	مَثْنٰى	وَثُلٰثَ	وَرُبٰعَ ۚ	فَاِنْ	خِفْتُمْ
تمہیں	(دوسری) عورتوں میں سے	دو دو	اور تین تین	اور چار چار	پھر اگر	تمہیں ڈر ہو

اَلَّا ❸	تَعْدِلُوْا	فَوَاحِدَةً ❺	اَوْ مَا	مَلَكَتْ ❻
کہ نہ	تم سب عدل کرسکو گے	تو ایک ہی (کافی ہے)	یا (لونڈی) جسکے	مالک بنے ہیں

اَيْمَانُكُمْ ؕ	ذٰلِكَ اَدْنٰٓى ❼	اَلَّا ❸	تَعُوْلُوْا ؕ (3)	وَاٰتُوا
تمہارے ہاتھ	یہ زیادہ قریب ہے	کہ نہ	تم سب بے انصافی کرسکو	اور تم سب دو

النِّسَآءَ	صَدُقٰتِهِنَّ	نِحْلَةً ؕ ❺	فَاِنْ	طِبْنَ	لَكُمْ ❹
عورتوں کو	اُن کے مہر	خوشی سے	پھر اگر	وہ خوشی سے (چھوڑ) دیں	تمہیں

ضروری وضاحت

❶ اگر "لَا" کے بعد فعل ہو اور آخر میں "وْا" ہو تو "کام نہ کرنے کا حکم" ہوتا ہے۔❷ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ کا اصل ترجمہ "اپنے مالوں کی طرف" ہے۔❸ "اَلَّا" دراصل "اَنْ + لَا" کا مجموعہ ہے۔❹ یہاں علامت "كُ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں۔❺ علامت "ةً" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ "تْ" فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔❼ "اَدْنٰى" کے شروع والے "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا	کچھ حصہ اس سے ازخود
فَكُلُوْهُ هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا ﴿4﴾	تو کھاؤ اُسے مزے سے بغیر روک ٹوک کے۔ ﴿4﴾
وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ	اور مت دو نادان لوگوں کو اپنے مال
الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا	جنہیں بنایا ہے اللہ نے تمہارے لیے سہارا
وَّارْزُقُوْهُمْ فِيْهَا وَاكْسُوْهُمْ	اور کھلاؤ اُنہیں اُس میں سے اور پہناؤ اُنہیں
وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ﴿5﴾	اور کہو اُن سے اچھی بات۔ ﴿5﴾
وَابْتَلُوا الْيَتٰمٰى حَتّٰٓى	اور آزمائش کرتے رہو یتیموں کی یہاں تک کہ
اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ	جب وہ پہنچ جائیں نکاح (کی عمر بلوغت) کو
فَاِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ رُشْدًا	پھر اگر تم پاؤ اُن میں سمجھ داری
فَادْفَعُوْٓا اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ	تو حوالے کر دو اُن کو اُن کے مال
وَلَا تَاْكُلُوْهَآ اِسْرَافًا	اور مت کھاؤ اُسے فضول خرچی کر کے
وَّبِدَارًا	اور جلدی جلدی (اس خوف سے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

شَيْءٍ	شے، اشیا، اشیائے صرف۔	اِبْتَلُوا	ابتلا، مبتلا۔
مِّنْهُ	منجانب، اظہر من الشّمس، من حیث القوم۔	حَتّٰٓى	حتیٰ کہ، حتی الامکان، حتی الوسع۔
نَفْسًا	نفس، نفسا نفسی، حیوانی نفس۔	بَلَغُوا	بالغ، بلوغ، مبلغ۔
فَكُلُوْهُ، تَاْكُلُوْهَآ	اکل وشرب، ماکولات۔	اٰنَسْتُمْ	اُنس، مانوس، انیس۔
قِيٰمًا	قیام، قائم مقام، مقیم، قیامت۔	رُشْدًا	رشد و ہدایت، خلافت راشدہ۔
ارْزُقُوْهُمْ	رزق، رازق، رزّاق۔	فَادْفَعُوْٓا	دفاع، دفاعی مشقیں۔
مَّعْرُوْفًا	عرف عام، معروف۔	اِسْرَافًا	اسراف (فضول خرچی)۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

عَنْ شَيْءٍ ❶	مِّنْهُ	نَفْسًا	فَكُلُوْهُ ❷	هَنِيْٓـئًا	مَّرِيْٓـئًا ④
کچھ حصہ	اس سے	ازخود	تو تم سب کھاؤ اُسے	مزے سے	بغیر روک ٹوک کے

وَ	لَا تُؤْتُوا ❸	السُّفَهَآءَ	اَمْوَالَكُمُ	الَّتِيْ	جَعَلَ اللّٰهُ ❹
اور	تم سب مت دو	نادان لوگوں کو	اپنے مال	جنہیں	بنایا ہے اللہ نے

لَكُمْ	قِيٰمًا	وَّارْزُقُوْهُمْ ❷	فِيْهَا	وَاكْسُوْهُمْ ❷
تمہارے لیے	سہارا	اور تم سب کھلاؤ اُنہیں	اُس میں سے	اور تم سب پہناؤ اُنہیں

وَقُوْلُوْا	لَهُمْ ❺	قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ⑤	وَابْتَلُوا
اور تم سب کہو	اُن سے	اچھی بات	اور تم سب آزمائش کرتے رہو

الْيَتٰمٰى	حَتّٰٓى اِذَا	بَلَغُوا	النِّكَاحَ ج	فَاِنْ	اٰنَسْتُمْ
یتیموں کی	یہاں تک کہ جب	وہ سب پہنچ جائیں	نکاح (کی عمر) کو	پھر اگر	تم پاؤ

مِّنْهُمْ ❻	رُشْدًا	فَادْفَعُوْٓا	اِلَيْهِمْ	اَمْوَالَهُمْ ج
اُن میں	سمجھداری	تو تم سب حوالے کردو	اُن کی طرف	اُن کے مال

وَ	لَا تَاْكُلُوْهَآ ❸	اِسْرَافًا	وَّبِدَارًا
اور	تم سب مت کھاؤ اُسے	فضول خرچی کر کے	اور جلدی جلدی میں

ضروری وضاحت

❶"عَنْ" کے ترجے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷"وْا" کے ساتھ کوئی اور علامت آئے تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔❸علامت "لَا" کے بعد اگر فعل ہواور اس کے آخر میں "وْا" ہوتو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔❹فعل کے بعد وہ اسم جس کے آخر میں "ُ" ہووہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔❺"قَالَ، قَالُوْا، قُوْلُوْا" وغیرہ کے بعد "لِ" یا "لَ" کا ترجمہ "سے" کیا جاتا ہے۔❻علامت "مِنْ" کا اصل ترجمہ "سے" ہے ضرورتاً یہاں ترجمہ "میں" کیا گیا ہے۔

● سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے ● نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے ● کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اَنۡ یَّکۡبَرُوۡا ؕ	کہ وہ بڑے ہو جائیں گے (اور اپنے مال کا مطالبہ کریں گے)
وَمَنۡ کَانَ غَنِیًّا	اور جو (یتیم کا سرپرست) مالدار ہو
فَلۡیَسۡتَعۡفِفۡ ۚ	تو اُسے چاہیے کہ وہ (یتیم کے مال سے) بچا رہے
وَمَنۡ کَانَ فَقِیۡرًا فَلۡیَاۡکُلۡ بِالۡمَعۡرُوۡفِ ؕ	اور جو غریب ہو تو وہ کھا سکتا ہے جائز طریقے سے
فَاِذَا دَفَعۡتُمۡ اِلَیۡهِمۡ	(یعنی بقدر خدمت) پھر جب اُنکے حوالے کرنے لگو
اَمۡوَالَهُمۡ فَاَشۡهِدُوۡا عَلَیۡهِمۡ ؕ	اُن کے مال تو گواہ بنالو اُن پر
وَکَفٰی بِاللّٰهِ حَسِیۡبًا ﴿6﴾	اور کافی ہے اللہ حساب لینے والا۔ ﴿6﴾
لِلرِّجَالِ نَصِیۡبٌ مِّمَّا	مردوں کا حصہ ہے اُس (مال) سے جو
تَرَکَ الۡوَالِدٰنِ وَالۡاَقۡرَبُوۡنَ ۪	چھوڑ جائیں والدین اور قریبی رشتہ دار
وَلِلنِّسَآءِ نَصِیۡبٌ مِّمَّا تَرَکَ	اور عورتوں کا حصہ ہے اُس (مال) سے جو چھوڑ جائیں
الۡوَالِدٰنِ وَالۡاَقۡرَبُوۡنَ مِمَّا قَلَّ مِنۡهُ	والدین اور قریبی رشتہ دار اُس سے جو تھوڑا ہو (وہ)
اَوۡ کَثُرَ ؕ نَصِیۡبًا مَّفۡرُوۡضًا ﴿7﴾	یا زیادہ (یہ) حصہ مقرر ہے (اللہ کی طرف سے)۔ ﴿7﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

یَّکۡبَرُوۡا : کبیر، اکبر، مکبر، تکبیر۔	حَسِیۡبًا : حساب، بحساب۔
فَلۡیَسۡتَعۡفِفۡ : عفّت و پاکدامنی (بچنا)۔	لِلرِّجَالِ : رجالِ کار، قحط الرجال (آدمی)۔
فَلۡیَاۡکُلۡ : اکل و شرب، ماکولات۔	تَرَکَ : تارک، ترکہ، متروک۔
بِالۡمَعۡرُوۡفِ : عرف عام، معروف، تعارف۔	اَلۡوَالِدٰنِ : والد، والدین، ولادت۔
دَفَعۡتُمۡ : دفع، دفاع، دفاعی مشقیں۔	اَلۡاَقۡرَبُوۡنَ : اقرباپروری، قریبی، قرب وجوار۔
فَاَشۡهِدُوۡا : شہادت، شاہد، عینی شاہدین۔	لِلنِّسَآءِ : تربیت نسواں، نسوانیت۔
کَفٰی : کافی، کفایت۔	قَلَّ ، کَثُرَ : قلیل، قلّت / کثیر، کثرت۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اَنۡ يَّكۡبَرُوۡا ؕ	وَمَنۡ	كَانَ	غَنِيًّا	فَلۡيَسۡتَعۡفِفۡ ۚ❶
یہ کہ وہ سب بڑے ہوجائیں گے	اور جو	ہو	مالدار	تو چاہیے کہ وہ بچا رہے

وَمَنۡ	كَانَ	فَقِيۡرًا	فَلۡيَاۡكُلۡ ❶	بِالۡمَعۡرُوۡفِ ؕ❷
اور جو	ہو	غریب	تو چاہیے کہ وہ کھائے	جائز طریقے سے

فَاِذَا	دَفَعۡتُمۡ	اِلَيۡهِمۡ	اَمۡوَالَهُمۡ	فَاَشۡهِدُوۡا	عَلَيۡهِمۡ ؕ
پھر جب	تم حوالے کرنے لگو	اُنکی طرف	اُنکے مال	تو تم سب گواہ بنالو	اُن پر

وَكَفٰى	بِاللّٰهِ ❸	حَسِيۡبًا ۝6	لِلرِّجَالِ ❹	نَصِيۡبٌ	مِّمَّا ❺
اور کافی ہے	اللہ	حساب لینے والا	مردوں کا	حصہ ہے	(اُس مال) سے جو

تَرَكَ	الۡوَالِدٰنِ	وَالۡاَقۡرَبُوۡنَ ۖ	وَلِلنِّسَآءِ	نَصِيۡبٌ
چھوڑ جائیں	والدین	اور سب قریبی رشتہ دار	اور عورتوں کا	حصہ ہے

مِّمَّا ❺	تَرَكَ	الۡوَالِدٰنِ	وَالۡاَقۡرَبُوۡنَ	مِمَّا ❺
(اُس مال) سے جو	چھوڑ جائیں	والدین	اور سب قریبی رشتہ دار	(اُس) سے جو

قَلَّ	مِنۡهُ	اَوۡ كَثُرَ ؕ	نَصِيۡبًا	مَّفۡرُوۡضًا ۝7
تھوڑا ہو	اس سے	یا زیادہ	(یہ) حصہ	مقرر ہے (اللہ کی طرف سے)

ضروری وضاحت

❶ علامت ”فَ“ یا ”وَ“ کے بعد اگر جزم والا لام ”لۡ“ ہو تو اس کا ترجمہ ”چاہئے کہ“ کیا جاتا ہے۔ ❷ یعنی غریب آدمی بقدرِ خدمت یتیم کے مال میں سے جس کا وہ نگران بنا ہے کھا سکتا ہے۔ ❸ یہاں ”بِ“ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ اسم کے ساتھ علامت ”لِ“ کا ترجمہ کبھی ”لیے“ اور کبھی ”کا، کی، کے“ کیا جاتا ہے۔ ❺ ”مِمَّا“ اصل میں ”مِنۡ + مَا“ کا مجموعہ ہے۔ ❻ ”اَلۡاَقۡرَبُوۡنَ“ میں ”وۡنَ“ جمع مذکر کی علامت ہے یہاں اس کے الگ ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ	اور جب آ جائیں (وراثت کی) تقسیم کے وقت
اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ	(غیر وارث) قرابت والے اور یتیم اور مساکین
فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ	تو (کچھ) دے دو اُن کو اُس میں سے
وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ﴿8﴾	اور بات کرو اُن سے اچھی بات۔ ﴿8﴾
وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا	اور چاہیے کہ ڈریں وہ لوگ جو اگر (خود) چھوڑ جائیں
مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا	اپنے پیچھے کمزور و ناتواں اولاد (تو کتنے فکرمند ہوں اور)
خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۖ	ڈریں اُن پر (دوسروں کی اولاد کی بھی ویسے ہی فکر کریں)
فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ	پس چاہیے کہ وہ اللہ سے ڈریں
وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿9﴾	اور چاہیے کہ وہ ٹھیک بات کریں۔ ﴿9﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا	بیشک وہ لوگ جو کھاتے ہیں یتیموں کے مال ظلم کر کے
اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ۭ	درحقیقت وہ بھرتے ہیں اپنے پیٹوں میں آگ
وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ﴿10﴾ ع	اور عنقریب وہ داخل ہوں گے بھڑکتی آگ میں ﴿10﴾ ع

ع 1 / 10 / 12

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلْقِسْمَةَ : تقسیم، منقسم۔	خَلْفِهِمْ : خلف، مخالف۔ مخالفین۔
اَلْقُرْبٰى : اقربا پروری، قریبی، قربت۔	ذُرِّيَّةً : ذرّیت آدم۔
اَلْمَسٰكِيْنُ : مسکین، مسکینی۔	خَافُوْا : خوف، خائف۔
فَارْزُقُوْهُمْ : رزق، رازق، رزّاق۔	فَلْيَتَّقُوْا : تقوٰی، متقی۔
قُوْلُوْا، قَوْلًا : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔	يَاْكُلُوْنَ : اکل وشرب، ماکولات۔
وَلْيَخْشَ : خشیت الٰہی (ڈر)۔	بُطُوْنِهِمْ : بطن مادر۔
تَرَكُوْا : تارک، ترکہ، متروک۔	نَارًا : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

وَاِذَا	حَضَرَ	الْقِسْمَةَ ❶	اُولُوا الْقُرْبٰى	وَالْيَتٰمٰى
اور جب	آ جائیں	(وراثت کی) تقسیم کے وقت	(غیر وارث) قرابت والے	اور یتیم

وَالْمَسٰكِيْنُ ❷	فَارْزُقُوْهُمْ ❸	مِّنْهُ	وَقُوْلُوْا	لَهُمْ
اور مساکین	تو تم سب کچھ دے دو انہیں	اُس میں سے	اور تم سب بات کرو	اُن سے

قَوْلًا	مَّعْرُوْفًا ﴿8﴾	وَلْيَخْشَ ❹❺	الَّذِيْنَ	لَوْ تَرَكُوْا
بات	اچھی	اور چاہیے کہ ڈریں	وہ لوگ جو	اگر وہ سب (خود) چھوڑ جائیں

مِنْ خَلْفِهِمْ ❻	ذُرِّيَّةً ❶	ضِعٰفًا	خَافُوْا	عَلَيْهِمْ ص
اپنے پیچھے	اولاد	کمزور وناتواں	(کیسے) سب ڈریں	اُن پر

فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ ❹	وَلْيَقُوْلُوْا ❹	قَوْلًا سَدِيْدًا ج ﴿9﴾
پس چاہیے کہ وہ سب ڈریں اللہ سے	اور چاہیے کہ وہ سب بات کریں	سیدھی (سچی) بات

اِنَّ الَّذِيْنَ	يَاْكُلُوْنَ	اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى	ظُلْمًا	اِنَّمَا
بیشک وہ لوگ جو	وہ سب کھاتے ہیں	یتیموں کے مال	ظلم کرتے ہوئے	درحقیقت

ع 1 10 12

يَاْكُلُوْنَ ❼	فِيْ بُطُوْنِهِمْ	نَارًا ط	وَسَيَصْلَوْنَ	سَعِيْرًا ع ﴿10﴾
وہ سب بھرتے ہیں	اپنے پیٹوں میں	آگ	اور عنقریب وہ سب داخل ہوں گے	بھڑکتی آگ میں

ضروری وضاحت

❶ " ة " واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ "اَلْمَسٰكِيْنُ" کے آخر میں " يْنُ " جمع کے لئے نہیں آیا بلکہ یہ مِسْكِيْنٌ کی جمع ہے اور نون اصل لفظ کا حصہ ہے۔ ❸ "وْا" کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو " ا " کو گرا دیتے ہیں۔ ❹ "وَ" یا "فَ" کے بعد اگر جزم والا " لْ " ہو تو اس کا ترجمہ "چاہیے کہ" کیا جاتا ہے۔ ❺ یہاں علامت "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ یہاں "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❼ "يَاْكُلُوْنَ" کا اصل ترجمہ "وہ سب کھاتے ہیں" ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

www.kitabosunnat.com

يُوۡصِيۡكُمُ اللّٰهُ	اللہ تمہیں حکم دیتا ہے
فِيۡۤ اَوۡلَادِكُمۡ ۖ	تمہاری اولاد کے بارے میں (کہ)
لِلذَّكَرِ مِثۡلُ حَظِّ الۡاُنۡثَيَيۡنِ ۚ	ایک مرد کا (حصہ ہے) دو عورتوں کے حصے کے برابر
فَاِنۡ كُنَّ نِسَآءً فَوۡقَ اثۡنَتَيۡنِ	پھر اگر عورتیں ہوں (دو یا) دو سے زیادہ (یعنی صرف بیٹیاں ہوں)
فَلَهُنَّ ثُلُثَا	تو اُن سب کے لیے دو تہائی ہے
مَا تَرَكَ ۚ	(اُس سے) جو اُس (میت) نے چھوڑا
وَاِنۡ كَانَتۡ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصۡفُ ؕ	اور اگر صرف ایک (بیٹی) ہو تو اُسکے لیے آدھا (ترکہ) ہے
وَلِاَبَوَيۡهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنۡهُمَا	اور اُس (میت) کے ماں باپ دونوں میں سے ہر ایک کے لیے
